Urdu

فیملی امیگریشن (کنبے کے افراد کا ناروے آ کر بسنا)

فیملی امیگریشن یا کنبے کے افراد کے ناروے آ کر بسنے کا مطلب ہے کہ ناروے کے باہر سے کوئی شخص اپنے کنبے کے ساتھ رہنے کیلئے ناروے آ جائے۔ بیرون ناروے رہنے والا کنبے کا فرد جس شخص کے پاس ناروے آنا چاہتا ہے، اس شخص کیلئے ضروری ہے کہ وہ ناروے یا کسی دوسرے نارڈک ملک کا شہری ہو یا اس کے پاس ایسا اجازت نامہ برائے روزگار/ اقامت ہو جو کنبے کو ناروے بلوانے کی بنیاد بن سکتا ہو

بنیادی طور پر کنبے کے انہی افراد کو ناروے رہنے کیلئے آنے کی اجازت دی جاتی ہے جو ناروے میں رہنے والے شخص کے قریبی رشتے دار ہوں۔ یہ اجازت نامہ ایک وقت میں ایک سال کیلئے دیا جاتا ہے ۔ تین سال کے بعد آپ آباد کاری پرمٹ کی درخواست دے سکتے ہیں۔

قریبی رشتے دار کنہیں کہا جاتا ہے:

- شوہر/بیوی اور رجسٹرڈ ازدواجی پارٹنر
- بغیر شادی کئے ساتھ رہنے والے جوڑے جن کے تعلق کو دو برس گزر چکے ہوں
- 18 سال سے کم عمر کے بچے

بعض دوسرے رشتے دار جنہیں ناروے میں رہنے کی اجازت مل سکتی ہے:

- ناروے میں رہنے والے شخص کا ایسا (بنا شادی کئے) ساتھی جو اس کے بچے کا باپ/ماں ہے یا ان کا بچہ پیدا ہونے والا ہے (اس صورت میں خواہ ان کے باہمی تعلق کو 2 سال پورے نہ ہوئے ہوں، تب بھی اجازت مل سکتی ہے)
- وہ شخص جو ناروے میں رہنے والے سے شادی کرنے کیلئے آئے اور آنے کے بعد چھ ماہ کے اندر اندر شادی کر لے
- تنہا رہ جانے والا باپ یا ماں جس کی عمر 60 برس سے زیادہ ہو اور اپنے وطن میں اس کا کوئی قریبی رشتے دار نہ ہو
- غیر شادی شدہ زیر کفالت بچے جن کی عمر 18 سال سے اوپر ہو اور اپنے وطن میں کوئی ان کی دیکھ بھال کرنے والا نہ ہو یا ایسے بچے جنہیں (معذوری/بیماری کے سبب) خصوصی دیکھ بھال کی ضرورت ہو
- 18 سال سے کم عمر کے سگے بہن بھائی جن کے وطن یا رہائشی ملک میں ماں، باپ یا کوئی اور دیکھ بھال کرنے والا نہ ہو اور ماں یا باپ کسی اور ملک میں بھی نہ موجود ہوں
- انسانی ہمدردی کے خصوصی تقاضوں کی صورت میں بعض دوسرے رشتے داروں کو بھی اجازت مل سکتی ہے

کنبے کے افراد کو ناروے بلوانے کیلئے مندرجہ ذیل شرائط پورا کرنا لازمی ہے:

- بنیادی اصول یہ ہے کہ ناروے میں درخواست گزار کی کفالت کا بندوبست ہو۔ کفالت کے بندوبست سے مراد یہ ہے کہ حکومت کے مقررہ تنخواہوں کے قواعد کے لحاظ سے گریڈ 1 کے برابر آمدنی رکھنا ضروری ہے۔ یکم مئی 2007 کو یہ رقم 182 400 نارویجن کرون سالانہ آمدنی قبل از ٹیکس کٹوتی تھی۔ ہر سال آمدنی کی نئی حد مقرر کی جاتی ہے۔ نئی حد معلوم کرنے کیلئے UDI کے انٹرنیٹ صفحات ملاحظہ کیجئے یا نزدیکی نارویجن سفارتخانے سے رابطہ کیجئے۔
- اگر درخواست گزار قریبی رشتے دار نہ ہو (دیکھئے مندرجہ بالا) تو جائے رہائش کا بندوبست کرنا ضروری ہے

میں کہاں درخواست دوں:

جو لوگ اپنے قریبی رشتے دار کے پاس ناروے آ کر بسنا چاہتے ہیں، ان کیلئے بالعموم لازمی ہے کہ وہ اپنے وطن سے یا اس ملک سے درخواست دیں جہاں وہ پچھلے چھ ماہ سے اجازت نامہ برائے روزگار و اقامت کے ساتھ مقیم ہوں۔ درخواست گزار خود نزدیکی نارویجن سفارتخانے میں درخواست داخل کرے۔

ناروے میں رہنے والا شخص ان لوگوں کی طرف سے فیملی امیگریشن کی درخواست نہیں دے سکتا جو ناروے سے باہر رہتے ہیں۔ صرف انتہائی غیر معمولی حالات میں اس اصول سے استثناء دیا جا سکتا ہے۔

مطلوبہ دستاویزات:

- درخواست فارم بمع فوٹو
- سرٹیفکیٹ پیدائش
- پاسپورٹ کی کاپی (تمام صفحات، غیر استعمال شدہ صفحے بھی کاپی کر کے دیئے جائیں)
- سرکاری سرٹیفکیٹ جس سے پتہ چلتا ہو کہ مذکورہ شخص ناروے میں مقیم شخص کا رشتہ دار ہے
- معاہدہء ملازمت/ روزگار جس سے ملازمت کے عرصہ اور تنخواہ کا علم ہوتا ہو۔ اس کے ساتھ پچھلے تین ماہ کی تنخواہ کا ثبوت بھی پیش کیا جائے
- کرایہ نامہ/رہائش کا معاہدہ
- اگر والدین کی علیحدگی کے بعد دونوں والدین کو بچے کے سرپرستانہ حقوق حاصل ہوں اور والدین میں سے صرف ایک کے پاس ناروے کا اجازت نامہ برائے اقامت یا روزگار ہو تو ناروے بلوائے جانے والے بچے کے والدین میں سے دوسرے فریق کی طرف سے تحریری اظہار رضامندی۔ اگر ناروے میں رہنے والے فریق کو بلا شرکت غیرے سرپرستانہ حقوق حاصل ہوں تو اس کا تحریری ثبوت پیش کیا جائے۔
- جب شادی کرنے کیلئے اجازت نامہ برائے اقامت کی درخواست دی جا رہی ہو تو ناروے میں رہنے والے شخص اور درخواست گزار ، دونوں کی ازدواجی حیثیت کا تصدیق نامہ پیش کیا جائے۔

اوریجنل یعنی اصل دستاویزات پیش کی جائیں اور ساتھ ان کا نارویجن یا انگریزی ترجمہ بھی فراہم کیا جائے۔ دستاویزات کا تقاضا مختلف ممالک کے درخواست دہندگان کے لئے مختلف ہوتا ہے اور اس میں تبدیلی بھی کی جا سکتی ہے۔ یورپین یونین/ یورپین مالیاتی زون (EU/EØS) کے شہریوں کیلئے علیحدہ قواعد ہیں۔

(EU/EØS) کے شہریوں کیلئے مخصوص قواعد جاننے کیلئے www.udi.no ملاحظہ کیجئے)۔ مزید معلومات کیلئے آپ قریبی نارویجن سفارتخانے سے رابطہ کریں۔ اگر آپ ناروے میں موجود ہیں تو آپ پولیس یا ڈائریکٹوریٹ برائے امور تارکین وطن (UDI) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

UDI
Norwegian Directorate of Immigration

عام سوالات

اگر میں نے ناروے میں شادی کرنی ہو تو پھر کس طرح درخواست دینی ہو گی؟
اگر آپ کا مقصد ناروے میں شادی کر کے قیام پذیر ہونے کا ہو تو پھر آپ شادی کے لئے مخصوص چھ ماہ کے اقامتی پرمٹ کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ اقامتی پرمٹ کے لئے درخواست آپ کو اپنے ملک میں موجود نارویجن سفارتخانہ یا پھر اس ملک سے دینی ہو گی جس میں آپ گذشتہ چھ ماہ سے اقامتی پرمٹ کے ساتھ مقیم ہیں۔ اگر آپ کا مقصد اپنے محبوب کو ملنا اور مل کر واپس لوٹ جانا ہو تو پھر آپ 90 دن کے لئے کارآمد ملاقاتی ویزا کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

کیا فیملی امیگریشن منظور ہونے سے پہلے میں ناروے جا سکتا/سکتی ہوں؟
عام طور پر فیملی امیگریشن منظور ہونے سے پہلے آپ ناروے نہیں جا سکتے۔ تاہم بعض صورتوں میں آپ ناروے میں داخل ہو کر یہاں سے درخواست دے سکتے ہیں۔ ایسی صورتوں کی مثالیں مندرجہ ذیل ہیں:
• اگر آپ کا شریک حیات ناروے یا کسی نارڈک ملک کا شہری ہو اور ناروے میں مقیم ہو یا یہاں مقیم ہونے کا ارادہ رکھتا ہو
• اگر آپ کے شریک حیات کے پاس آباد کاری پرمٹ ہو یا ایسا پرمٹ ہو جو آبادکاری پرمٹ کی بنیاد بن سکتا ہو ۔

آپ کے اپنے شوہر/بیوی کے ساتھ مشترکہ بچے جو نارویجن شہری نہ ہوں، وہ بھی ناروے آ کر یہاں سے درخواست دے سکتے ہیں۔ یہی اصول آپ کے ان بچوں کیلئے بھی ہے جو سابقہ شوہر/بیوی سے ہوں اور آپ بلا شرکت غیرے یا دوسرے فریق کے ساتھ مل کر بچوں کے سرپرستانہ حقوق رکھتے ہوں اور دوسرا فریق بچوں کے ناروے میں آباد ہونے پر رضامند ہو۔

اگر آپ کو اس بارے میں یقین سے معلوم نہ ہو کہ آیا آپ اور آپ کا بچہ ناروے میں آباد ہونے کی اجازت ملنے سے پہلے ناروے میں داخل ہو سکتے ہیں، تو آپ کو قریبی نارویجن سفارت خانے سے رابطہ کرنا چاہیئے۔

اگر آپ پر ویزا حاصل کرنے کی پابندی ہے تو قریبی نارویجن سفارتخانے سے رابطہ کر کے اپنے شوہر/بیوی کے پاس آنے کیلئے محدود ویزا برائے داخلہ کی درخواست دیں۔ یہ ویزا صرف بعض مخصوص کیسوں میں دیا جاتا ہے اور درخواست دہندگان کے ایک گروپ تک محدود ہے۔ کیس کا فیصلہ ایمبیسی کرتی ہے تاہم درخواست مسترد ہو نے کی صورت میں آپ UDI سے اپیل کر سکتے ہیں۔

کیا جتنا عرصہ میں فیملی امیگریشن کا جواب آنے کا انتظار کر رہا ہوں، اسکے دوران مجھے عارضی ورک پرمٹ مل سکتا ہے؟
اگر آپ ان لوگوں میں سے ہیں جنہیں ناروے جا کر فیملی امیگریشن کی درخواست دینے کی اجازت مل جاتی ہے تو آپ عارضی ورک پرمٹ کی درخواست دے سکتے ہیں۔

کیا فیملی امیگریشن کی درخواست کے ساتھ فیس دینا پڑتی ہے؟
پولیس/ایمبیسی کو درخواست دیتے ہوئے ساتھ فیس ادا کرنا ہوتی ہے۔ 18 سال سے کم عمر کے بچوں کو فیس نہیں دینا پڑتی۔ فیس کی موجودہ شرح جاننے کیلئے UDI کے انٹرنیٹ صفحات دیکھیئے یا قریبی سفارت خانے سے رابطہ کیجئے۔

فیس نقد یا کارڈ کے ذریعے ادا کی جا سکتی ہے ۔ آپ یوں بھی کر سکتے ہیں کہ پیشگی فیس ادا کر کے (اکاؤنٹ میں رقم بھیج کر) اس کی رسید درخواست کے ساتھ لگا دیں خواہ آپ بذریعہ ڈاک درخواست بھیج رہے ہوں یا خود آ کر درخواست دے رہے ہوں۔ پولیس/ سفارت خانے سے اکاؤنٹ نمبر معلوم کیا جا سکتا ہے۔

درخواست پر کاروائی میں کتنا عرصہ لگتا ہے؟
ناروے کے سفارت خانے سے آپ کاروائی کے عرصے کے بارے میں پتہ کر سکتے ہیں۔ نارویجن اورانگریزی زبانوں میں تازہ ترین معلومات کیلئے www.udi.no دیکھیئے یا UDI کے شعبۂ معلومات (OTS) کو فون کیجئے۔

اگر میری درخواست نامنظور ہو جائے تو کیا میں اپیل کر سکتا ہوں؟
جی ہاں، اگر آپ اپیل کرتے ہیں تو UDI اپیل پر کاروائی کرے گا اور اگر UDI اپنے سابقہ فیصلے کو نہیں بدلتا تو غیر ملکیوں کی اپیلوں کی سماعت کرنے والا بورڈ (UNE) اپیل پر کاروائی کرے گا۔ اپیل پر کاروائی کیلئے کوئی فیس نہیں دینا پڑتی۔

کیا مجھے اپنے اجازت نامہ برائے اقامت و روزگار کی تجدید کرانی پڑے گی جو مجھے فیملی امیگریشن کی بنیاد پر ملا ہے؟
اصولی طور پر یہ اجازت نامہ ایک وقت میں ایک ہی سال کیلئے دیا جاتا ہے۔ اگر اجازت نامہ قابل تجدید ہے تو اس کی تجدید کیلئے درخواست دینا پڑتی ہے۔ اجازت نامے کی میعاد ختم ہونے سے پہلے تجدید کی درخواست دینا ضروری ہے۔ تجدید کرواتے وقت افیس دینا پڑتی ہے۔ (18 سال سے کم عمر کے بچوں کیلئے کوئی فیس نہیں ہے)۔ تین سال بعد آپ اقامتی پرمٹ کی درخواست دے سکتے ہیں۔

کیا فیملی امیگریشن کے ضمن میں آنے والے کنبے کے افراد کے سفری اخراجات کیلئے مالی مدد ملتی ہے؟
عام طور پر نہیں۔ صرف ناروے میں پناہ حاصل کرنے والوں یا مہاجرین کے کوٹے میں ناروے بھیجے جانے والوں کو اس صورت میں اپنے کنبے کے افراد کو ناروے بلوانے کیلئے سفری اخراجات دیئے جا سکتے ہیں جب ان کی آمدنی بہت کم ہو یا کوئی آمدنی نہ ہو۔

The Norwegian Directorate of Immigration
P.O. Box 8108 Dep.
N-0032 Oslo
Office address: Hausmannsgate 21

Phone: +47 23 35 15 00
Fax: +47 23 35 15 15
www.udi.no
E-mail: udi@udi.no

UDI
Norwegian Directorate of Immigration

Last updated: 31.07.2007

کیا آپ ناروے میں اپنے کنبے کے افراد کو آباد کروانے کے سلسلے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں؟

اگر آپ کنبے کے افراد کو ناروے میں آباد کروانے کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو آپ اپنے نزدیک ترین واقع نارویجن سفارت خانے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ناروے میں ہیں تو UDI میں درخواست دہندگان کیلئے معلوماتی سروس (OTS) سے رابطہ کر سکتے ہیں جہاں نارویجن، انگریزی اور دیگر زبانوں میں سوالات کے جواب دیئے جاتے ہیں۔ رابطے کیلئے 00 16 35 23 کو فون کیجیئے یا ots@udi.no کو ای میل کیجیئے۔

The Norwegian Directorate of Immigration
P.O. Box 8108 Dep.
N-0032 Oslo
Office address: Hausmannsgate 21

Phone: +47 23 35 15 00
Fax: +47 23 35 15 15
www.udi.no
E-mail: udi@udi.no

Norwegian Directorate of Immigration

Last updated: 31.07.2007